© rasailojaraid.com



# صدرِ پاکستان
# جنرل محمد ضیاءُ الحق کا پیغامِ تعزیت

آپ کے شوہر نامدار کی ناگہانی رحلت کا سُن کر مجھے سخت صدمہ ہُوا ۔ میری جانب سے دلی تعزیت قبول فرمائیں ۔ مولانا محمد حنیف ندوی مرحوم ایک ممتاز محقق ، استاد ، ادیب اور متعدد کتابوں کے مصنّف تھے ۔ اسلام اور پاکستان کے لیے اُن کی خدمات مدّت دراز تک یاد رکھی جائیں گی ۔ اُن کے تحقیقاتی کارناموں کی بنا پر حکومتِ پاکستان نے اُنھیں ستارۂ امتیاز کا اعزاز دیا تھا ۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور آپ کو اپنے اہلِ خاندان کے ساتھ اس عظیم نقصان کو صبر و ہمت سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔ آمین !

جنرل محمد ضیاالحق
صدرِ پاکستان

© rasailojaraid.com